سکول اور نگہداشت اطفال کے ماحول میں موجود طلباء اور بچوں کیلئے COVID-19 کی سکریننگ کا ٹول

ورژن 3: 18 اکتوبر 2021

ہر روز سکول یا چائلڈ کیئر میں جانے سے قبل طلباء اور بچوں کا COVID-19 کا معائنہ لازمی کیا جانا چاہیئے۔ بچے کی طرف سے والدین/سرپرست اسے پر کر سکتے ہیں۔

تاریخ (mm-dd-yyyy) ______________

سکریننگ کے سوالات

1. کیا طالب علم/بچے کو فی الحال ان میں سے کسی علامات کا سامنا ہے؟

یہاں درج کردہ علامات ایسی علامات ہیں جو عام طور پر COVID-19 سے متعلقہ ہیں۔ اگر آپ میں یہ علامات پائی جاتی ہیں، تو خود کو علیحدہ کر لیں اور اپنا ٹیسٹ کرائیں۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹنگ COVID-19 کی علامات کے حامل افراد یا معلوم COVID-19 کیسز کے روابط کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔

کوئی بھی فرد جو بیمار ہے یا بیماری کی کوئی علامات رکھتا ہے، بشمول وہ جن کا ذیل میں اندراج نہیں ہے، کو گھر پر رہنا اور ضرورت پڑنے پر اپنے نگہداشت صحت کے ماہر کی جانب سے تشخیص کروانی چاہئیے۔

ان چند/تمام کا انتخاب کریں کہ جو نئی، شدید تر ہوں، اور ان کا تعلق کسی اور معلوم اسباب یا ایسی کیفیات سے نہ ہو جو پہلے سے موجود ہیں۔

بخار اور/یا سردی لگنا درجہ حرارت 37.8 ڈگری سیلسیئس/100 ڈگری فارن ہائیٹ یا اس سے زیادہ اور/یا سردی لگنا	☐ ہاں	☐ نہیں
کھانسی یا خشک کھانسی (خناق) مستقل، معمول سے زائد، سانس لیتے ہوئے سیٹی کی آواز آنا (جس کا سبب دمہ، بعد از انفیکشن متاثرہ سانس کی نالیاں، یا اور کوئی ایسے معلوم اسباب یا کیفیات نہ ہوں جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)	☐ ہاں	☐ نہیں
سانس چڑھنا سانس نہ آنا، گہرا سانس نہ لے پانا (جس کا سبب دمہ، یا اور کوئی ایسے معلوم اسباب یا کیفیات نہ ہوں جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں)	☐ ہاں	☐ نہیں
سونگھنے یا چکھنے کی حس میں کمی آنا یا کھو دینا جس کا تعلق موسمی الرجیز، اعصابی عارضے، یا دیگر معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہیں	☐ ہاں	☐ نہیں
متلی، قے اور/یا اسہال جس کا تعلق تکلیف دہ مروڑ کے مرض، اضطراری کیفیت، ماہواری کے درد، یا ایسے کسی اور معلوم اسباب یا کیفیات سے نہ ہو جن میں وہ پہلے سے مبتلا ہوں	☐ ہاں	☐ نہیں

2. کیا طالب علم/بچے پر مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی لاگو ہوتا ہے؟

- انہیں COVID-19 کے خلاف مکمل طور پر ویکسین لگائی گئی ہے (ان کی دو خوراکوں یا ایک خوراک کی ویکسین سیریز کی آخری ڈوز کو 14 دن یا اس سے زیادہ ہو چکے ہیں)
- COVID-19 کے لیے ان کا پچھلے 90 دنوں میں ٹیسٹ مثبت آیا تھا (اور اس وقت سے کلیئر ہو چکے ہیں)

اگر ہاں، تو سوال 3، 4، 5 کو چھوڑ دیں

جب آپ اس اسکریننگ ٹول کو مکمل کرتے ہیں تو ذاتی صحت کی معلومات اکٹھی نہیں کی جاتیں۔ اس سوال کا مقصد عین درست علیحدگی کی ہدایات فراہم کرنا ہیں، جو کہ ویکسینیشن کی حیثیت اور انفیکشن کی سابقہ تاریخ کی بنیاد پر ہیں۔

.3 کیا طالبِ علم/بچے کے ساتھ رہنے والے کسی فرد کو فی الحال COVID-19 کی کسی نئی علامات کا سامنا ہے اور/یا وہ علامات میں مبتلا ہونے کے بعد ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کر رہا ہے/رہے ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

بچے (<18 سال): بخار اور/یا ٹھنڈ، کھانسی یا خشک کھانسی، سانس چڑھنا، ذائقہ یا بو میں کمی یا کھو جانا، متلی، قے اور/یا اسہال

بالغ: (≥18 سال کی عمر): بخار اور/یا ٹھنڈ لگنا، کھانسی یا خشک کھانسی، سانس چڑھنا، ذائقہ یا بو میں کمی یا کھو جانا، تھکاوٹ، پٹھوں میں درد

اگر علامات کا سامنا کرنے والے فرد نے پچھلے 48 گھنٹوں میں COVID-19 کی ویکسین لگوائی ہے اور اسے محض ہلکی سی تھکاوٹ، پٹھوں میں درد، اور/یا جوڑوں کا درد ہو رہا ہے جو کہ صرف ویکسینیشن کے بعد سے شروع ہوا ہے، تو "نہیں" منتخب کریں۔

.4 گزشتہ 10 دنوں میں، کیا طالب علم/بچے کو کسی ایسے فرد سے "نزدیکی رابطے" کے حامل کے طور پر شناخت کیا گیا جسے فی الحال COVID-19 ہو؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر صحت عامہ نے آپ کو مشورہ دیا ہے کہ آپ کو علیحدگی اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے، تو "نہیں" منتخب کریں۔

.5 گزشتہ 10 دنوں میں، کیا طالب علم/بچے کو اپنے سیل فون پر COVID الرٹ کے ایکسپوژر کی اطلاع موصول ہوئی ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر طالب علم/بچے کا لیب میں کیا جانے والا PCR ٹیسٹ چونکہ منفی آیا ہے، تو "نہیں" منتخب کریں۔

.6 کیا درج ذیل میں سے کوئی لاگو ہوتا ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

- **پچھلے 14 دنوں میں، طالب علم/بچے نے کینیڈا سے باہر کا سفر کیا اور اسے قرنطینہ کرنے کا کہا گیا۔**
- **پچھلے 14 دنوں میں، طالب علم/بچے نے کینیڈا سے باہر کا سفر کیا اور اسے اسکول/چائلڈ کیئر میں شرکت نہ کرنے کا کہا گیا۔**

براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر بچہ/طالب علم **مکمل طور پر ویکسین شدہ** نہیں ہے بلکہ وفاقی قرنطینہ سے استثنیٰ کا حامل ہے کیونکہ **انہوں نے ایک ویکسین لگے ساتھی کے ساتھ سفر کیا**، تو انہیں لازماً 14 دن کے لیے اسکول یا چائلڈ کیئر میں شرکت نہیں کرنی چاہیے۔ اگر یہ طالب علم/بچے پر لاگو ہوتا ہے تو "ہاں" منتخب کریں۔

.7 کیا کسی ڈاکٹر، نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ، یا صحت عامہ کے کسی یونٹ نے آپ کو بتایا کہ طالبِ علم/بچے کو فی الوقت علیحدگی اختیار کرنی (گھر پر رہنا) چاہیئے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

ممکن ہے کہ ایسا وبا یا رابطے کی سراغ رسانی کی خاطر کیا گیا ہو۔

.8 گزشتہ 10 دنوں میں، کیا طالب علم/بچے کا ریپیڈ اینٹیجن ٹیسٹ یا گھر پر کی جانے والی سیلف ٹیسٹنگ کٹ پر ٹیسٹ مثبت آیا ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر طالب علم/بچے کا لیب میں کیا جانیوالا PCR ٹیسٹ چونکہ منفی آیا ہے، تو "نہیں" منتخب کریں۔

سکریننگ کے سوالات کے نتائج

! اگر آپ نے سوال 1 میں شامل علامات میں سے کسی کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ کروانے یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- مشورہ لینے یا تشخیص کرانے کے لیے ڈاکٹر/نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے بات کریں، بشمول یہ کہ کیا طالب علم/بچے کو COVID-19 ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔
  - بہن، بھائی یا آپ کے گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص پر اس وقت تک گھر پر رہنا لازم ہے جب تک کہ علامات ظاہر کرنے والے طالب علم/بچے یا فرد کا ٹیسٹ منفی نہ آ جائے، یا آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب نہ قرار پائے، یا تشخیص شدہ مرض مختلف نہ ہو۔ گھرانے کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین لگوا چکے ہیں یا گزشتہ 90 دنوں میں جن کا COVID-19 کے لیے ٹیسٹ مثبت آیا تھا اور بعد میں صحت یاب ہو چکے ہیں انہیں گھر پر ٹھہرے رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

! اگر آپ نے سوال 3 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- طالب علم/بچہ اسکول یا چائلڈ کیئر میں تب واپس آ سکتا ہے جب علامات والے بچے کا ٹیسٹ منفی آ جاتا ہے، آپ کے مقامی صحت عامہ یونٹ کی جانب سے اسے صحت یاب قرار دیا جاتا ہے، یا کسی اور بیماری میں مبتلا ہونے کی تشخیص کی جاتی ہے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 4 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالب علم/بچے کو 10 دن کے لیے لازمی الگ تھلگ (گھر پر رہنا چاہیے) اور ٹیسٹ کروانے یا طبی ایمرجنسی کے سوا ہرگز باہر نہیں نکلنا چاہئیے۔
- اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ یا نگہداشت صحت مہیا کار کے مشورے پر عمل کریں، بشمول کن علامات کی نگرانی کرنی ہے اور کب COVID-19 PCR ٹیسٹ کروانا ہے۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹنگ کو معلوم COVID-19 کے کیسز کے روابط کیلئے استعمال نہ کیا جائے۔
- طالب علم/بچہ 10 دن بعد ہی اسکول/چائلڈ کیئر میں واپس آ سکتا ہے، چاہے اس کے ٹیسٹ کا نتیجہ منفی ہی کیوں نا موصول ہوا ہو، جب تک کہ ان میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتی ہیں۔
  - آپ کے بہن، بھائی سکول، چائلڈ کیئر میں اور گھرانے کے باقی ماندہ اشخاص کام پر جا سکتے ہیں، لیکن ان پر لازم ہے کہ وہ غیر ضروری وجوہات کی بنا پر گھر سے نہ نکلیں۔ گھرانے کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین لگوا چکے ہیں یا گزشتہ 90 دنوں میں جن کا COVID-19 کے لیے ٹیسٹ مثبت آیا تھا اور بعد میں صحت یاب ہو چکے ہیں انہیں گھر پر ٹھہرے رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر طالب علم/بچہ میں مذکورہ بالا علامات میں سے کوئی ظاہر ہوتی ہے یا اس کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو مزید مشورے کے لیے اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشت صحت مہیا کار سے رابطہ کریں۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 5 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- ان کا COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کے لئے تشخیصی سینٹر تشریف لائیں۔
  - اگر PCR ٹیسٹ پر ان کا ٹیسٹ منفی آتا ہے (تو وہ وائرس کا شکار نہیں ہیں)، وہ اسکول/چائلڈ کیئر میں واپس آ سکتے ہیں۔
  - اگر PCR ٹیسٹ میں ان کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے (تو وہ وائرس کا شکار ہیں)، انہیں الگ تھلگ رہنا جاری رکھنے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کی طرف سے کلیئر ہونے کے بعد ہی واپس آ سکتے ہیں۔
- اگر ان میں علامات ظاہر ہو جاتی ہیں، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
  - آپ کے گھرانہ میں موجود بہن بھائی یا دوسرے لوگ اسکول، چائلڈ کیئر یا کام پر جا سکتے ہیں، لیکن انہیں دیگر، غیر ضروری وجوہات کی بنا پر گھر سے باہر نہیں نکلنا چاہیئے جب تک کہ اس فرد کا PCR ٹیسٹ پر COVID الرٹ ٹیسٹ منفی نہیں آ جاتا ہے، یا آپ کے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ سے طرف سے کلیئر نہ ہو جائے۔ گھرانے کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین لگوا چکے ہیں یا گزشتہ 90 دنوں میں جن کا COVID-19 کے لیے ٹیسٹ مثبت آیا تھا اور بعد میں صحت یاب ہو چکے ہیں انہیں گھر پر ٹھہرے رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 6 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالب علم/بچے کو بین الاقوامی سطح پر سفر کرنے والے افراد کے لیے مرتب کردہ وفاقی رہنما ہدایات پر عمل کرنا لازم ہے، جس میں ان کی آمد کے بعد 14 دنوں تک سکول/چائلڈ کیئر میں نہ جانا اور وفاقی تقاضوں کے مطابق ٹیسٹ کروانا شامل ہیں۔
- اگر طالبِ علم/بچے کو قرنطینہ میں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے، تو انہیں 14 دن تک گھر پر ہی رہنا چاہیے اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔ مسافروں کے لیے وفاقی تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی حکومت کینیڈا کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
- اگر طالب علم/بچے میں علامات پیدا ہو جائیں اور/یا ان کا ٹیسٹ مثبت آ جائے، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 7 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- صحتِ عامہ کے مشورے پر عمل کریں۔ طالب، علم/بچہ آپ کے مقامی صحت عامہ کے یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار پانے کے بعد سکول/چائلڈ کیئر واپس آ سکتا ہے۔
- اگر طالب علم/بچے میں علامات پیدا ہو جائیں، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے لئے رابطہ کریں۔
  - آپ کے بہن/بھائی یا گھرانے کے دیگر افراد کو تب تک گھر پر ہی رہنا چاہیے جب تک کہ طالب علم/بچے کا ٹیسٹ منفی نہ آ جائے، یا آپ کی صحت عامہ یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار نہ دیا جائے۔ گھرانے کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین لگوا چکے ہیں یا گزشتہ 90 دنوں میں جن کا COVID-19 کے لیے ٹیسٹ مثبت آیا تھا اور بعد میں صحت یاب ہو چکے ہیں انہیں گھر پر ٹھہرے رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے سوال 8 کا جواب "ہاں" میں دیا ہے، تو سکول یا چائلڈ کیئر مت جائیں۔

- طالبِ علم/بچے کو لازماً ذاتی علیحدگی اختیار کرنی چاہیئے (گھر پر رکنا چاہیئے) اور ٹیسٹ یا کسی فوری طبی ضرورت کے سوا گھر سے نہیں نکلنا چاہیئے۔
- ان کا COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کے لئے تشخیصی سینٹر تشریف لائیں۔
  - اگر PCR ٹیسٹ پر ان کا ٹیسٹ منفی آتا ہے (تو وہ وائرس کا شکار نہیں ہیں)، تو وہ اسکول/چائلڈ کیئر میں واپس آ سکتے ہیں۔
  - اگر PCR ٹیسٹ میں ان کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے (تو وہ وائرس کا شکار ہیں)، انہیں الگ تھلگ رہنا جاری رکھنے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کی طرف سے کلیئر ہونے کے بعد ہی واپس آ سکتے ہیں۔
- اگر ان میں علامات ظاہر ہو جاتی ہیں، تو اپنے مقامی صحتِ عامہ کے یونٹ یا ڈاکٹر/نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے مزید مشورے کے حصول کے لئے رابطہ کریں۔
- آپ کے بہن/بھائی یا گھرانے کے دیگر افراد کا تب تک الگ تھلگ رہنا لازم ہے جب تک ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ یا گھر پر کی جانے والی سیلف ٹیسٹنگ کٹ پر مثبت نتیجہ موصول کرنے والے افراد کا PCR ٹیسٹ پر نتیجہ منفی موصول نہ ہو جائے یا مقامی صحت عامہ یونٹ کی جانب سے صحت یاب قرار نہ دیا جائے۔ گھرانے کے افراد جو مکمل طور پر ویکسین لگوا چکے ہیں یا گزشتہ 90 دنوں میں جن کا COVID-19 کے لیے ٹیسٹ مثبت آیا تھا اور بعد میں صحت یاب ہو گئے تھے انہیں علیحدگی اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اس نتیجے کے بارے میں اپنے سکول/چائلڈ کیئر کے فراہم کنندہ کو آگاہ کرنے کے لئے ان سے رابطہ کریں

اگر آپ نے تمام سوالوں کا جواب "نہیں" دیا ہے، تو آپ کا بچہ سکول/چائلڈ کیئر جا سکتا ہے۔ عملے کو اس نتیجے کے بارے میں بتانے کے لیے اپنے سکول/چائلڈ کیئر فراہم کنندہ کے قائم کردہ طریقہ کار پر عمل کریں۔

- باقاعدہ پروٹوکول کے مطابق، تمام بیمار افراد جنہیں بیماری کی کوئی علامت ہو کو گھر پر ہی رہنا چاہئیے اور ضرورت پڑنے پر اپنے معمول کے نگہداشت صحت کے ماہر سے تشخیص کرانی چاہئیے۔
- شدید علامات والے افراد جنہیں ایمرجنسی نگہداشت کی ضرورت ہے انہیں اپنے قریبی شعبہ ایمرجنسی میں جانا چاہیے۔
- اگر کسی فرد میں مندرجہ بالا فہرست سے ہٹ کر کوئی علامات ظاہر ہوتی ہیں، تو صحت عامہ یونٹ دیگر اقدامات کی سفارش کر سکتا ہے جس میں فرد کی علامات کی تشخیص اور تکشف کی تاریخ کی بنیاد پر معائنہ کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

صحتِ عامہ اونٹاریو - رابطے کی سراغ رسانی

ان سوالوں کا جواب دینا اختیاری عمل ہے۔ یہ معلومات صرف صحتِ عامہ کے ماہرین کی جانب سے رابطے کی سراغ رسانی کے لئے استعمال کی جائیں گی۔ تمام معلومات 28 دنوں میں حذف کر دی جائیں گی۔

تاریخ: ______________________________

نام: ______________________________

فون یا ای میل: ______________________________